# مقعد کی ریڈیو تھراپی۔ضمنی اثرات



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

**MISSION STATEMENT**

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.


Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan.
Tel: 042 359 5000 | UAN: 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk


ہو جانا چاہئے لیکن آپ کو پیڈز لگانے پڑ سکتے ہیں۔آپ کی معالج ٹیم دواؤں اور طرز زندگی میں تبدیلی کی تجویز دے سکتے ہیں۔

کچھ معاملات میں مستقل سٹوما کی ضرورت پڑ سکتی ہے (باؤل سے پیٹ کے بیرونی طرف پاؤچ تک )۔اگر ضرورت محسوس ہو تو ہم اس کے بارے میں آپ سے بات کریں گے۔

## مثانہ

آپ کو فوراً پیشاب کی حاجت محسوس ہو سکتی ہے۔آپ پیڈز لگا کر اطمینان محسوس کر سکتی ہیں۔اگر ایسا جاری رہے تو معمولی خطرہ ہو سکتا ہے کہ آپ کے مثانہ کی سرجری کی جائے۔

## ہڈی میں تبدیلیاں

معمولی صورتوں میں ریڈیو تھراپی کی وجہ سے پیلوس کی ہڈی میں باریک دراڑ پڑ سکتی ہے۔ان کو پیلوک انسوفیشینسی فریکچر کہتے ہیں۔آپ درد محسوس کر سکتے ہیں جیسا کہ مستقل درد یا چلنے پھرنے میں دشواری۔ یہ اتنی تکلیف دہ نہیں ہونی چاہئے کہ یہ آپ اٹھائے رکھے اور معمول کے مطابق آرام کرنے سے یہ ختم ہو جاتی ہے۔معمولی حالات میں ہی ہڈی اتنی کمزور ہو جاتی ہے کہ وہ ٹوٹ جائے۔اگر ضرورت محسوس ہو تو ہم اس کے بارے میں آپ سے بات کریں گے۔

## جلد

آپ اپنی جلد کے نیچے جہاں پر آپ کا علاج کیا گیا ہو پھٹی ہوئی کیپلریز محسوس کر سکتی ہیں۔ یہ بے سکون کر سکتے ہیں لیکن اس سے کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔

## بانجھ پن

پیلوک جگہ پر ریڈیو تھراپی سے خواتین اور مردوں میں مستقل بانجھ پن ہو جاتا ہے۔ جب مردوں میں مستقل طور پر سپرم متاثر ہوتے ہیں۔اس وجہ سے ضروری ہے کہ مانع حمل ادویات کا استعمال کیا جائے۔

## بیضہ دانیاں (قبل از حیض کی بندش والی خواتین)

ریڈیو تھیراپی آپ کی بیضہ دانیوں کو متاثر کرے گی جس سے ان کا کام بند ہو سکتا ہے۔ یہ مستقل اثر ہے جس کا مطلب ہے آپ بانجھ ہو جائیں گی (حمل کے قابل نہ ہونا) اور آپ کا جسم حیض کی دائمی بندش یا سن یاس میں چلا جائے گا۔اگر آپ کو ابھی بھی ماہواری جاری ہوتی ہے تو علاج کے دوران یا اس کے فوراً بعد آپ کا حیض آنا بند ہو جائے گا۔

آپ کے علاج کے آغاز سے پہلے آپ سے پوچھا جا سکتا ہے کہ آئندہ استعمال کے لئے آپ کے انڈوں کو سٹور کر لیا جائے۔

حیض کی بندش کی علامات مختلف عورتوں میں مختلف ہوتی ہیں۔ علامات میں گرمی، فرجی کی خشکی، سوزش اور رات میں پسینے آنا شامل ہیں۔ان علامات کا علاج ہارمون کی تبدیلی کے لئے تھراپی (HRT) کر کے کیا جاتا ہے۔آپ یہ علامات اپنی ڈاکٹر سے بیان کر سکتی ہیں اور علاج ختم ہونے کے بعد حیض کی بندش کے ماہر کے پاس جانے کا مشورہ دے سکتی ہے۔

## سپرم۔جماع میں کم دلچسپی اور ناتوانی

پیلوک ریڈیو تھراپی سے سپرم مستقل طور پر ختم ہو جائیں گے یعنی آپ بانجھ ہو جائیں گے۔آپ کے علاج کی وجہ سے آپ کو جماع میں کم دلچسپی محسوس ہو گی۔ مردوں کے لئے ٹیسٹوسٹیرون کی سطح میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ پچاس سال کی عمر کے بعد ریڈیو تھراپی کرانے والے مریضوں میں مردانہ قوت میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔آپ اپنے خاندانی ڈاکٹر سے ادویات کی صورت میں علاج کرا سکتے ہیں۔

اگر ایسی علامات ظاہر ہوں تو اپنے ڈاکٹر یا نرس کو آگاہ کریں۔تا کہ وہ آپ کو کسی ماہر کی تجویز دے سکیں۔

## فالو آپ

آپ کے علاج کے خاتمہ کے بعد ہسپتال میں آپ کی اپنے آنکالوجسٹ کے ساتھ آپ کی فالواپ معائنے طے کئے جائیں گے۔

ریڈیو تھراپی میں کثیر وقت درکار رہتا ہے اور اس لئے آپ کا آنکالوجسٹ آپ کا معائنہ کرے گا اور آپ کی بہتری سے متعلق آپ سے بات کرے گا۔اور یہ بتائے گا کے آئندہ کے لئے ضروری معائنہ کب درکار ہے۔

## مقعد کی ریڈیوتھراپی۔ضمنی اثرات

یہ کتابچہ آپ کو اس لئے فراہم کیا گیا کیوں کہ آپ کے مقعد کی رسولی کے لئے ریڈیوتھراپی تجویز کی گئی ہے۔

یہ ہدایت نامہ **مقعد کے ضمنی اثرات پر ریڈیوتھراپی** آپ کے لئے تجویز کئے گئے علاج سے متعلق خصوصی تفصیلات فراہم کرے گا۔اس سے آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ کیسے علاج کے دوران اور علاج کے بعد اپنی مدد کر سکتے ہیں۔

ہر علاج کو انفرادی طور پر تجویز کیا جاتا ہے۔آپ کا ڈاکٹر آپ کو واضح کرے گا کہ آپ کا علاج کتنی دیر تک جاری رہے گا۔مزید برآں ڈاکٹر آپ اس علاج سے متعلقہ خطرات اور فوائد سے بھی آگاہ کرے گا۔

یہ ایک عمومی ہدایت نامہ ہے کیونکہ ریڈیوتھراپی کے اثرات اور علاج مختلف لوگوں کے لئے مختلف ہو سکتے ہیں۔ یہ کتابچہ آپ کی ڈاکٹر اور معالج ٹیم کے ساتھ بات چیت کے بنیادی نکات پر مشتمل ہے۔خاندان کے افراد اور دوست ان معلومات کو مفید پائیں گے۔

اگر ممکن ہو تو ریڈیوتھراپی کے ساتھ کیموتھراپی دی جاتی ہے تاکہ اس کی تاثیر زیادہ ہو۔کیموتھراپی کی ادویات ( کیپسائٹابین ) کو لینے کی تفصیلات سے متعلق آپ کا ڈاکٹر ریڈیوتھراپی کی منصوبہ کے وقت آپ کو آگاہ کرے گا۔

علاج کے دوران بوقت ضرورت ہر ہفتے آپ کو آنکالوجی ٹیم کے پاس بھیجا جائے گا۔علاج کے دوران ہر ہفتے آپ کو خون کا ٹیسٹ کروانا ہوگا۔

ہم مشورہ دیتے ہیں کہ آپ ریڈیوتھراپی کے کسی بھی مرحلہ کو مت چھوڑیں۔اگر شرکت کرنے میں آپ کو کوئی مسئلہ ہو تو برائے مہربانی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

## سرجری سے پہلے مختصر ریڈیوتھراپی

آپ کی سرجری سے ایک ہفتہ پہلے آپ کے ڈاکٹر پانچ روز کی ریڈیوتھراپی تجویز کریں گے۔

## کیموتھراپی کے ہمراہ سرجری کے بعد ریڈیوتھراپی

باقی رہ جانے والے رسولی کے خلیات کو ختم کرنے کے لئے سرجری کے بعد ریڈیوتھراپی کی جاتی ہے۔اسے ایڈجووینٹ علاج کہتے ہیں۔

## علامات کے دوران مدد کے لئے ریڈیوتھراپی

ایسی علامات جس سے آپ کو مسئلہ ہو ان کے علاج کے لئے بھی ریڈیوتھراپی کی جاتی ہے۔ یہ علامات اس صورت میں ظاہر ہوتی ہیں جب جسم کے حصوں پر رسولی کا دباؤ بڑھ جاتا ہے۔اس علاج سے رسولی کو مختصر کر کے آرام پہنچایا جاتا ہے۔اس قسم کی ریڈیوتھراپی کو پیلی ایٹو علاج کہا جاتا ہے اور آپ کا بغیر کیموتھراپی کے 5 سے 10 مرتبہ روزانہ علاج کیا جاتا ہے۔

ریڈیوتھراپی کا عمل درد سے خالی ہوتا ہے۔تاہم ریڈیوتھراپی سے متعلق کئی ضمنی اثرات موجود ہیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ آپ ان کو محسوس کر سکتے ہیں۔

**یاد رہے کہ یہ بہت کم ہوتا ہے کہ ایک مریض ان تمام ضمنی اثرات کو محسوس کرے۔**

اگر اپنے علاج کے دوران کسی شے سے آپ کو مسئلہ چاہے جتنا بھی معمولی ہو تو اپنے تھراپی ریڈیوگرافر یا ریڈیوتھراپی نرس کو یا ڈیپارٹمنٹ میں وزٹ کے وقت یا فون کے ذریعے آگاہ کریں۔

## حاجت کی عادت

علاج شروع ہونے کے بعد عموماً دست ہو جاتے ہیں اور علاج کے ختم ہونے کے کئی ہفتوں تک جاری رہتا ہے۔دست کے ساتھ ساتھ آپ کو میوکس ( شفاف،جیلی کی طرح جس میں خون شامل ہوتا ہے ) بھی آسکتا ہے۔

آپ کو فوری رفع حاجت کی ضرورت بھی محسوس ہو سکتی ہے۔جس میں وقتی طور پر پیٹ میں درد یا ابھار بھی ہو سکتا ہے۔آپ کو متلی بھی محسوس ہوگی۔

باقاعدہ کھانا اور پینا بہت ضروری ہے۔ریڈیوتھراپی کی ٹیم آپ کو مشورہ دے سکتی ہے کہ آیا آپ کو یہ غذا کھانی ہے یا دوا تجویز کر سکتی ہے۔

پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لئے زیادہ مقدار میں ( تقریباً دو لٹر یا ساڑھے تین پنٹ فی یوم ) پانی/مشروب لینا ضروری ہے۔

خوراک بھی بہت ضروری ہے کیوں کہ یہ جسم کو مطلوب توانائی، پروٹین اور وٹامن اور منرل فراہم کرتی ہے۔اس سے آپ کا جسم ریڈیوتھراپی کے دوران بہتر کام کرتا ہے اور علاج کے بعد آرام اور سکون کی شرح میں اضافہ کرتی ہے۔

اگر علاج سے پہلے یا دوران آپ کا وزن کم ہو گیا ہے تو برائے مہربانی غذائی ماہر سے رابطہ کریں۔

## مثانہ

ریڈیوتھراپی سے آپ کے مثانہ میں سوزش ہو سکتی ہے۔اس کی وجہ سے آپ کو پیشاب کی زیادہ حاجت ہوتی ہے یا پیشاب کرتے وقت سوزش یا جلن ہو سکتی ہے۔معمول سے زیادہ پانی پینے سے اس میں افاقہ ہو جاتا ہے۔زیادہ چائے، کافی اور الکوحل پینے سے گریز کریں کیوں کہ اس سے علامات مزید خراب ہو سکتی ہیں۔زیادہ تر لوگ علاج کے چھے ہفتوں کے اندر معمول کی زندگی شروع کر دیتے ہیں۔

## تھکاوٹ

آپ خاص طور پر علاج کے آخری مرحلہ میں تھکن محسوس کریں گے۔علاج مکمل ہونے کے چند ہفتوں بعد تھکاوٹ ختم ہو جائے گی۔

## جلدی ری ایکشن/جلد پر اثرات

جس جگہ پر علاج کیا جاتا ہے وہ جگہ سرخ، خشک اور حساس یا خارش زدہ ہو جاتی ہے۔اس جگہ کو خشک اور صاف رکھنا بہت ضروری ہے۔

عموماً آپ کی ٹانگوں کے درمیان کی جگہ میں جلد پھٹ جاتی ہے اور اس سے مادہ خارج ہوتا ہے۔ رنگ دار یا خون آلود ہونا بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ریڈیوتھراپی کے عمل کے مکمل ہونے کے 10 سے 14 دنوں کے اندر سکن ری ایکشن شدید ہو جاتا ہے۔

ڈاکٹر آپ کی جلد کا ہر ہفتے جائزہ لے گا۔وہ آپ کو مختلف لوشن یا پٹیوں کی تجویز دے گا۔جس سے بے سکونی ختم ہو جاتی ہے اور آپ کی جلد ٹھیک ہو جاتی ہے۔

## بالوں کا جھڑنا

ریڈیوتھراپی صرف اس جگہ پر بالوں کو متاثر کرتی ہے جس جگہ پر یہ عمل کیا جا رہا ہو۔اس کا مطلب ہے کہ آپ پیوبک بال کھو دیتے ہیں۔مخصوص حالات میں ہی کیموتھراپی سے آپ کے سر کے بال جھڑ جاتے ہیں۔علاج کے بعد یہ واپس آجاتے ہیں۔

## تھکاوٹ

علاج کے ختم ہونے کے قریب یہ علامت ظاہر ہوگی۔علاج ختم ہونے پر چند ہفتوں یا مہینوں میں تھکن کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔جب بھی آپ کو ضرورت محسوس ہو تو آپ آرام کریں اور مکمل نیند لیں اگرچہ معمولی ورزش مددگار ثابت ہوتی ہے۔

## جنسی اثرات

ریڈیوتھراپی سے کبھی کبھی ایسی جسمانی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں جس سے آپ کی جنسی زندگی متاثر ہوتی ہے۔کچھ ماہ تک جسمانی تعلقات میں دلچسپی کی کمی معمول کا عمل ہے۔تاہم آپ اپنے علاج کے دوران جسمانی تعلقات قائم رکھ سکتے ہیں مگر منصوبہ بندی کے کسی طریقہ پر عمل کریں تاکہ حمل سے بچا جا سکے۔۔اگر آپ کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو اپنے ساتھی اور معالج ٹیم کے ساتھ بات کریں۔

## مانع حمل ادویات۔نہایت اہم

ریڈیوتھراپی کے علاج کے دوران اور بعد میں مؤثر مانع حمل طریقے/ادویات استعمال کرنا بہت ضروری ہے۔ریڈیوتھراپی سے حمل گر سکتا ہے یا پیدا ہونے والے بچے میں جسمانی کمزوری ہو سکتی ہے۔

**خواتین:** آپ کے رحم میں سوزش ہو سکتی ہے جس سے بے سکونی، جلن اور تنگی ہو سکتی ہے۔آپ ماہوار میں شدت اور زیادہ زنانہ رطوبتیں بھی محسوس کریں گی۔اگر یہ بہت زیادہ اور/یا ناگوار بو ہو تو اپنی معالج ٹیم کو آگاہ کریں۔

آپ کے ہفتہ وار معائنہ کے دوران آپ کی معالج ٹیم اس کے بارے میں مشورہ دے گی۔آپ کی ریڈیوتھراپی کے اختتام پر وہ آپ کو فرجی ڈائلیٹرز فراہم کریں گی۔یہ ایسا آلہ ہے جس سے فرج کی تنگی سے بچا جا سکتا ہے۔علاج کے دوران پٹیوں، نسوانی دافع بدبو، پاؤڈر کا استعمال مت کریں۔کیونکہ اس سے سوزش اور ممکنہ طور پر انفیکشن ہو سکتا ہے۔

## طویل مدتی اثرات

ریڈیوتھراپی کے اختتام کے کئی مہینوں یا سالوں بعد اس کے ضمنی اثرات ظاہر ہو سکتے ہیں۔ان ضمنی اثرات کے بارے میں پیشین گوئی کرنا بہت مشکل ہوتا ہے اور بدقسمتی سے اگر یہ ظاہر ہو جاتے ہیں تو یہ مستقل ہوں گے۔آپ کو اسے جی پی یا ہسپتال ٹیم کو معائنہ، مشورہ یا علاج اور ماہر کی تجویز کی غرض سے رپورٹ کرنا بہت ضروری ہے۔ہم علاج کی منصوبہ بندی کے دوران رسولی کے اردگرد جگہوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہیں تاکہ اس کے ضمنی اثرات کم سے کم ہوں۔

## حاجت

آپ کو حاجت اور باؤل کو کھولنے کے لئے فوری ضرورت محسوس ہو سکتی ہے۔یہ آہستہ آہستہ ٹھیک